12616 ـ رمضان المبارك شروع ہونے کی مبارکباد دینی

سوال

کیا رمضان المبارك شروع ہونے کی مبارکباد دینا جائز ہے، یا یہ بدعت شمار ہوتی ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

رمضان المبارك شروع ہونے کی مبارکباد دینے میں کوئی حرج نہیں، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کرام کو رمضان المبارك آنے کی خوشخبری دیتے اور انہیں اس کا خیال رکھنے پر ابھارتے تھے.

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" تمہارے پاس بابرکت مہینہ آیا ہے، اللہ تعالی نے اس کے روزے تم پر فرض کیے ہیں، اس میں آسمان کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں، اور جہنم کے دروازے بند کر دیے جاتے ہیں، اور سرکش قسم کے شیاطین پابندسلاسل کر دیے جاتے ہیں، اس میں ایك رات ایسی ہے جو ایك ہزار راتوں سے بہتر ہے جو اس کی بھلائی اور خیر سے محروم کر دیا گیا تو وہ محروم ہے"

سنن نسائی (4 / 129) صحیح الترغیب (1 / 490).

واللہ اعلم .